سلیقہ سے لکھے گئے ہیں۔ جگہ جگہ مناسب اور موزوں نظمیں بھی ہیں۔ ہماری رائے میں میلاد کی مردانہ اور زنانہ مجلسوں میں اِدھر اُدھر کی غلط اور غیر مستند روایات کے بجائے اگر اس کتاب کو پڑھکر سُنایا جائے تو بے شبہ لوگوں کو بڑا فائدہ ہوگا۔

ذہنی زلزلے | از نعیم صاحب صدیقی۔ کتاب وطباعت بہتر ضخامت ۱۹۱ صفحات تقطیع خورد قیمت دو روپیہ چار آنہ۔ پتہ:۔ دارالاشاعت نشأۃ الثانیہ چنچل گوڑہ حیدرآباد دکن۔

یہ چند مضامین کا مجموعہ ہے جو اگرچہ ظاہری طور پر تفریحی مضامین کی حیثیت رکھتے ہیں۔ لیکن دراصل یہ لطیف اور سبق آموز طنز ہیں۔ موجودہ عہد کے فرنگی تہذیب وتمدن اور اس کے ہمہ گیر اثرات پر طنزیہ نگاری کے لئے جس عمیق قوتِ مشاہدہ اور انوکھے طرز ادا کی ضرورت ہے۔ یہ مضامین اس سے خالی نہیں ہیں۔ زبان بھی صاف ستھری اور دلچسپ ہے۔ اس کتاب کے افتتاحیہ میں مصنف خود اپنے نقطۂ نظر کی وضاحت ان الفاظ میں کرتے ہیں "اس کتاب کا مصنف موجودہ سماج سے مطمئن نہیں ہے۔ وہ اس کی ساری تعمیروں کو بنیاد تک اکھاڑ پھینکنا چاہتا ہے۔ اور موجودہ سوسائٹی کا محل ایک نئے نقشہ سے بنانا جانتا ہے"۔ اس بنا پر ہم زیر تبصرہ کتاب کے مضامین کو بلحاظ نوعیتِ خاص موجودہ ترقی پسند ادب کا "ردعمل" کہہ سکتے ہیں۔ بہر حال مضامین دلچسپ اور لائق مطالعہ ہیں۔

بے پر کی | تقطیع خورد ضخامت ۲۲۵ صفحات، کتابت وطباعت متوسط قیمت ۱۲/ پتہ:۔ کتب خانہ علم وادب۔ جامع مسجد دہلی۔

یہ اردو کے روشناس مزاحیہ نویس جناب "آوارہ" کے سولہ مضامین کا مجموعہ ہے جس میں لائق مصنف کے طرز نگارش کی تمام خصوصیات موجود ہیں۔ زبان صاف ستھری، فقرے ہلکے پھلکے مگر چبھتے اور دل میں گھر کرتے ہوئے۔ ظرافت اور طنز ہے مگر سلیقہ اور قاعدہ کے ساتھ ان مضامین کو پڑھکر بعض ان گمراہ ادیبوں کو اپنی اصلاح کرنی چاہیئے جو پھکڑ بازی اور بھانڈپنے ہی کو مزاحیہ نویسی سمجھ بیٹھے ہیں اور خود گمراہ ہوکر دوسروں کو بھی گمراہ کر رہے ہیں۔